"اگر یہ اسی طرح ایمان لائیں جس طرح تم (قرآنِ مجید کے پہلے مخاطب) ایمان لائے تو انہوں نے ہدایت پائی۔ اور اگر وہ منہ پھیریں تو وہ شقاق (تفرقہ اور انتشار) کا شکار ہو گئے!"

الغرض نفاذِ شریعت بل ایک مستحسن اقدام ہے۔ اور اس بل کو پاس کرانے کے لیے مشترکہ کوششیں بھی ہونی چاہئیں۔ تاہم اسے ان خامیوں اور کوتاہیوں سے مبرّا اور پاک کرنے کے بعد، جن کی نشاندہی ہم نے کر دی ہے۔ ورنہ اس کے نقصانات فوائد کی بجائے کہیں زیادہ ہوں گے!

(مدیر)

شعر و ادب

جناب فضل حق روپڑی

یا خدا فضل و کرم کر وقت ہے امداد کا!

ایک ہنگامہ ہے حرب و ضربِ اضداد کا
سامنا اسلام کو ہے کفر اور الحاد کا
نام مٹ جائے جہاں سے نالہ و فریاد کا
یا نکل جائے جنازہ قہر و استبداد کا
ظلم بڑھ جاتا ہے جب حد سے تو آتا ہے زوال
نام تک باقی نہیں رہتا کسی جلّاد کا
ساری قوموں میں ہے قائم اتفاق و اتحاد
ہے خلاف اسلام ہی کے سلسلہ بیداد کا
سارے کوشاں ہیں مٹانے کے لیے اسلام کو
امتحاں ہے حق و باطل کی اب استعداد کا
اک نظر بھاتا نہیں اسلام کا اُن کو وجود
یا خدا فضل و کرم کر وقت ہے امداد کا!